Text of Urdu News

25-07-2026

09:25 am

Opening

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر مینمشاہد حسین

ایل جی بڈگام

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے لال پورہ بیروہ بڈگام کا دورہ کرکے جموں وکشمیر پولیس کے شہید ہیڈکانسٹیبل عاشق حسین قریشی کے گھر جاکر ان کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔اس موقعہ پر انہوں نے پولیس اہلکار کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو اُن کی بہادری پر فخر ہے۔انہوں نے کہا کہ انتظامیہ متاثرہ کنبے کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہرممکن مد فراہم کرے گی۔

ایل جی ملاقات

جموں کشمیربھارت اسکاؤٹس اینڈ گائیڈس کے ایک وفود نے سینئر نائب صدر پروفیسر ڈاکٹرفیاض احمد کی قیادت میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ وفد نے جموں کشمیر میں سکاؤٹس اینڈ گائیڈس تحریک کو مزید مستحکم بنانے کیلئے علیحدہ تربیتی مرکز کے قیام ، مالی معاونت میں اضافہ اور اسے کھیلوں کے زمرے میں شامل کرنے کا مطالبہ کیا ۔اس بیچ بی جے پی لیڈر اور ضلع کولگام کے سابق پارٹی صدرزبیر گنائی نے بھی لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا سے ملاقات کر کے عوامی اہمیت کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

دریں اثناءبی جے پی یوتھ صدر بارہمولہ شفقت عبداللہ کی قیادت میں ایک وفود نے بھی ایل جی سے ملاقات کے دوران مختلف معاملات ایل جی کی دانست میں لائے ۔

وزیراعلیٰ فلم

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا ہے کہ کشمیر میں منعقد ہونے والے انٹرنیشنل فلم فیسٹول آف جموں فلم انڈسٹری اور جموں کشمیر کے درمیان نئی شراکت داری کا آغاز ہوگا۔IFFJK کشمیر

کے انعقاد سے پہلے منعقدہ تقریب میں ان خیالات کا اظہار IFFJK وزیراعلیٰ نے کل سرینگر میں کیا۔ انہوں نے کہاکہ فلم فیسٹول منعقد کرنے سے وادی کے باصلاحیت نوجوان فنکارونکیلئے مواقعے پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سرکار فلم سازوں کیلئے موزون پالیسی ترتیب دینے پر سنجیدگی سے کام کرہی ہے۔

NTA

نے امتحانی عمل میں شفافیت لانے کیلئے ایک اصلاحی قدم کے طور NTA نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی 47اہلکاروں کو برطرف کیاہے۔ ان میں سے کچھ اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ مرکزی کابینہ نے پیپر لیک معاملات اور امتحانی عمل میں لاپرواہی کی صورت میں قصورواروں کو سخت سزا دلانے کیلئے فاسٹ ٹریک عدالت قائم کرنے کے مسودے کو منظوری دی ہے۔

جاید ڈار

وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے سرینگر کے سول سیکریٹریٹ میں عوامی شکایات پر مبنی پروگرام کے تحت مختلف وفود اور افراد کے ساتھ ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ وفود نے بنیادی ڈھانچے ، دیہی ترقی ، زراعت ، روزگار اور عوامی بہبود سے متعلق معاملات اٹھائے۔ وزیر نے متعلقہ افسران کو شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت عوامی خدمات کی موثر فراہمی اور سرکاری سکیموں کے فوائد مستحق افراد تک پہنچانے کے لئے پُر عزم ہے۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا 6روز کی معطلی کے بعد آج دوبارہ بحال ہوگئی ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے اطلاع دی ہے کہ موسم میں بہتری اور شاہراہ پر ٹریفک بحال ہونے کے بعد آج جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے 6ہزار269یاتریوں پر مشتمل 18واں قافلہ وادی کیلئے روانہ ہوا۔

یاترا کی بحالی سے متعلق ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا

...............V/o....

ادھر آج صبح 8بجے تک مزید290 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے ۔

واضح رہے خراب موسم،شدید بارش اور جموں-سرینگر قومی شاہراہ بند رہنے کے باعث یاترا19جولائی کو عارضی طور پر روک دی گئی تھی۔

انڈس فوڈ

گجرات کے شہر احمد آباد میں کل سے انڈس فوڈ احمد آباد2026فیسٹول کا آغاز ہوا۔ تین روزہ اس فوڈ فیسٹول میں جمونکشمیر ٹریڈ پرموشن آرگنائزیشن یوٹی کے انڈسٹریز اینڈ کامرس محکمہ کی سرپرستی میں شرکت کررہی ہے۔ جمونکشمیرسے تعلق رکھنے والے مختلف صنعتکاروں، باغ مالکان اور کسانوں نے جموں کشمیرمیں تیار کردہ مختلف مصنوعات کو نمائش کیلئے رکھا ہے۔ اس فیسٹول کا اہتمام ٹریڈ پرموشن کونسل آف انڈیانے کیا ۔

ہیلتھ کمیٹی

جموں کشمیر سرکار نے جموں اینڈ کشمیر مینٹل ہیلتھ اتھارٹی کیلئے ضابطوں کے تحت تقرریاں عمل میں لانے کے لئے سلیکشن کمیٹی تشکیل دی ہے۔

ایک سرکاری حکمنامے کے مطابق محکمہ صحت وطبی تعلیم کے کمشنر سیکریٹری اس کمیٹی کے چیئرپرسن ہونگے۔ ڈائریکٹر نیشنل ہیلتھ مشن جے اینڈ ، گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر اور جمونکے شعبہ نفسیات کے سربراہان کمیٹی کے ممبران ہونگے۔کمیٹی کواس حوالے سے موصول ہوئے تمام درخواستوں کا جائزہ لینے کا کام تفویض کیاگیا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ